# درود شریف کو اردو زبان میں پڑھنا

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا درود شریف کو عربی کے علاوہ اردو زبان میں پڑھ سکتے ہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! اردو زبان میں بھی درود شریف پڑھ سکتے ہیں کہ درود پاک ایک دعا ہے، جس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت اور سلامتی بھیجنے کی دعا ہے۔ اور جس طرح دوسری دعائیں اردو میں کی جا سکتی ہیں، اسی طرح درود پاک والی دعا بھی اردو میں کی جا سکتی ہے، اس کی کہیں ممانعت نہیں آئی۔ فتاوی مرکزِ تربیت افتاء میں ہے "محض ایک بار "مصطفی جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام "اور "کعبے کے بدر الدجی تم پہ کروڑوں درود "کہنے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر لاکھوں سلام اور کروڑوں درود پہنچ جاتا ہے۔" (فتاوی مرکز تربیت افتاء، جلد2، صفحہ351، فقیہ ملت اکیڈمی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4143

تاریخ اجراء: 24صفر المظفر1447ھ/19اگست2025ء